اُدعُونِی اَستَجِب لَکُم

مجھ سے دعا کرو میں ضرور قبول کروں گا

# نادِ علی

## فضائل و عملیات

حضرت صوفی شیخ محمد لطیف

قادری چشتی نقشبندی

اینڈ سنز پبلشرز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نادِ علی

از


حضرت صوفی شیخ محمد لطیف

(چشتی، قادری، نقشبندی)

سجادہ نشین آستانہ عالیہ گوندی پیر۔ چاہ میراں لاہور



عظیم اینڈ سنز پبلشرز

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون، ۷۲۳۱۸۰۶

**جملہ حقوق محفوظ ہیں۔**

(حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری)

نے فلک شیر پریس سے چھپوا کر المعراج سنٹر

اردو بازار میں شائع کی۔

**قیمت: 80**

ملنے کا پتہ:

عظیم اینڈ سنز پبلشرز المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور
Ph: 042-7231806

ممتاز پبلی کیشنز المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور
Ph: 042-7211207

## حرف ابتدا

رف ابتدا 7

نادعلی

نزول 10

وجہ تسمیہ نزول 11

نادعلی طریقہ دولت برائے عاملین 12

عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر 13

اعمال

حفاظت الٰہی 15

شفاء امراض 15

لاعلاج مرض کا علاج 16

نقش نادعلی صغیر 18

عبادت میں توجہ ویکسوئی 19

دیدار حضور نبی کریم ﷺ 20

انبیاء آئمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت 20

حل الحاجات 21

علاج جسمانی کمزوری 22

ہر لحاظ سے مفید عمل 23

برائے نجات دشمن 24

فراخی رزق 25

ہر قسم کے بخار کے لئے 25

برائے حصول حب 26

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے 27

حل المشکلات 27

دلی مراد پوری ہوجائے 27

شفاء بخش مجرب عمل 28

بے خوابی کا خاتمہ 29

زہر کا اثر ختم ہوجائے 29

برائے نظر بد 30

محتاجگی سے حفاظت 30

بچھو کے کاٹے کا علاج 31

حصول دولت 31

ردسحر کے لئے 32

کالے جادو کا توڑ 33

حفاظت از مرگ مفاجات 34

شہد کی مکھی کے ڈنک کا علاج 34

برائے شجاعت ودلاوری 35

نظر بد سے محفوظ رہنے کا عمل 35

ڈیموں سے کاٹے کا علاج 35

قید سے رہائی 36

سلامتی مسافرت 36

برائے دفع تہمت 37

وسعت رزق کے لئے 37

برائے فتح یابی 39

برائے رہائی قیدی 39

حصول اولاد نرینہ کے لئے 39

دشمنوں سے پوشیدہ ہونے کے لئے 40

زبان بندی اعداء کے لئے 41

شریر گھوڑے کو تابع کرنا 41

علاج ناسور 42

برائے قوت حافظہ 43

نجات مرض اٹھرا 43

حفظ جن وشیطان وآسیب 44
تنگ دستی دور کرنے کا عمل 46
فراوانی خیر وبرکت 49
برائے کشف القبور 51
برائے عمل معظم قضائے حاجات 52
عمل برائے حصول دولت وتمنا 53
زیارت رسول کریم ﷺ 56
مرض ام الصبیان سے نجات 57
برائے کمزور حافظہ 58
گندے تصورات سے نجات 58
مشکل میں کامیابی کے لئے 59
گھبراہٹ دور ہو 59
حادثات سے محفوظ رہے 60
دشمن کو بیمار کرنے کے لئے 61
میاں بیوی میں موافقت 61
مخالفین کو زیر کرنے کے لئے 62
حصول شادی رشتہ 63
دوکان خیر وبرکت کے لئے 63
دافع آفات ومصائب 65
خاتمہ آسیب 66
مطلوبہ جگہ پر نکاح 67
دو افراد میں دشمنی کا خاتمہ 68
بری عادات سے چھٹکارا 69
ملک زوال سے محفوظ رہے 69
محتاجی دور ہو 70
برائے صفائی باطن 70
برائے وافر پیداوار 71
برائے شادی 71
برائے حفاظت عمل 71
برائے اولاد نرینہ 72
خاتم المشکلات 73
برائے حب 74
حصول روزگار 75
حصول ترقی وعزت 78
کنواری کی شادی کے لئے 79
علاج غصہ 80
علاج اختلاج قلب 80
علاج پھوڑے پھنسی 80
علاج خونی وبادی بواسیر 81
علاج مرض آتشک 82
عمل معظم برائے مشکلات 82
بدکار شوہر کو راستی پر لانا 84
علاج کمر درد 85
علاج تھکاوٹ 85
علاج خسرہ 86
دفعیہ درد شقیقہ 87
پھوں کا علاج 87
علاج دانت، داڑھ درد 88
صلح کرانا 88
علاج بھگندر 89
نسخہ حاجات 90
حل المشکلات 91
میاں بیوی میں محبت ویگانگت 92
حصول جاہ وحشم 94

حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ شکل عین کو روز ایمان کامل و یقین کے ساتھ دیکھیں، یعنی اس کی زیارت کریں۔ اور بوقت زیارت آیت الکرسی کی تلاوت کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے۔ لوگوں میں عزت حاصل ہوگی، رزق میں اضافہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

یا اللہ

یا محمد ﷺ | یا علیؑ | یا فاطمہؑ | یا حسنؑ | یا حسینؑ

## القابات امامت امیرالمومنین علی ابن ابی طالبؑ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| امام المتقین | امام المسلمین | امام العارفین | امام الواصلین | امام الموحدین | امام المحققین | |
| امام السالکین | امام المحسنین | امام الصادقین | امام الاولین | امام العلمین | امام المعبدین | امام المسبوقین |
| امام المخلوقین | امام العادلین | امام المعصومین | امام الراشدین | امام المبشرین | امام المنذرین | امام المقسطین |
| امام العاشقین | امام المقربین | امام الراشدین | امام المتوکلین | امام الشاہدین | امام المتکلمین | امام الطاہرین |
| امام المبارزین | امام المخلصین | امام الاجودین | امام القارئین | امام المالکین | امام المطلبین | امام الراکعیل |
| امام الساجدین | امام الحاکمین | امام المتاخرین | امام المحبین | امام الراحمین | امام الواصفین | امام الخاشعین |
| امام المکرمین | امام المتعالین | امام المقدسین | امام الافصحین | امام الباذلین | امام [illegible] | امام الکاملین |
| امام الحافظین | امام المشفعین | امام المکرمین | امام القائمین | امام المہاجرین | امام الشاہدین | امام المطہرین |
| امام المخدومین | امام الصامتین | امام الرافعین | امام الاطہرین | امام الائمہ | امام المسلمین | امام القاتلین |
| امام الانجحین | امام الاعلمین | امام الامنین | امام المزکین | امام الاورعین | امام المجتہدین | امام الامرین |
| امام المجاہدین | امام الخطیبین | امام المطیعین | امام المبرئین | امام القارعین | امام الخاضعین | امام الافضلین |
| امام الغالبین | امام الخیرین | امام المتقدمین | امام المعلمین | امام الصائمین | امام المظفرین | امام الناظرین |
| امام العالمین | امام المحسنین | امام المعطوفین | امام الشہیدین | امام الوارثین | امام المطیبین | امام الاکملین |
| امام الکاظمین | امام المسجین | امام المعشوقین | | | | |

یا اللہ جل جلالہ | یا علیؑ مدد | یا محمد ﷺ

## جنگ کربلا میں حسینی وفاداروں جاں نثاروں کے اسمائے گرامی

## اٹھارہ بنی ہاشم کی قربانیاں

1. عبداللہ بن مسلم
2. محمد ابن مسلم
3. جعفر بن عقیل
4. عبدالرحمٰن بن عقیل
5. عبداللہ ابن عقیل
6. موسیٰ ابن عقیل
7. عون بن عبداللہ بن جعفر
8. محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار
9. عبداللہ اکبر بن الحسن
10. قاسم بن الحسن
11. عبداللہ ابن الحسن
12. عبداللہ بن علی
13. عثمان بن علی
14. جعفر بن علی
15. علمدار کربلا عباس بن علی
16. حضرت علی اکبر علیہ السلام
17. محمد بن ابی سعید بن عقیل
18. حضرت علی اصغر علیہ السلام

## اصحاب حسین علیہ السلام

1. حر ابن یزید الریاحی
2. علی ابن الحر الریاحی
3. نعیم بن العجلان الانصاری
4. عمران بن کعب الاشجعی
5. حنظلہ ابن عمر الشیبانی
6. قاسط بن زہیر التغلبی
7. کردوس بن زہیر التغلبی
8. کنانہ بن عتیق التغلبی
9. عمر بن صدیقہ الضبعی
10. مزغامہ ابن مالک التغلبی
11. عامر بن مسلم العبدی
12. سیف ابن مالک العبدی
13. عبدالرحمٰن الارجبی
14. مجمع بن عبداللہ العائذی
15. حبان بن حارث السلمانی
16. عمرو بن عبداللہ الجندعی
17. حلاس بن عمر الراسبی
18. نعمان بن عمر الراسبی

19. سوار ابن ابی عمیر الہمدانی
20. عمار ابن سلامۃ الدالانی
21. زاہر بن عمر الکندی
22. جبلہ ابن علی الشیعبانی
23. مسعودؔ بن حجاج
24. حجاج ابن بدر التیمی
25. عبداللہ بن بشری الخثعمی
26. عمار ابن حسان الطائی
27. عبداللہ ابن عمر الکلبی
28. مسلم ابن کثیر الازدی
29. زہیر ابن سلیم الزدی
30. عبداللہ بن یزید العبدی
31. بشری بن عمر الکندی
32. عبداللہ بن عروہ الغفاری
33. بریر ابن خضیر المدانی
34. دلیب بن عبداللہ الکلبی
35. ادھم بن امیہ العبدی
36. امیر بن سعد الطائی
37. سعد ابن حظلہ التمیمی
38. عمیر ابن عبداللہ المدحجی
39. مسلم بن عوسجہ الاسدی
40. ہلال ابن نافع الجبلی
41. سعید بن عبداللہ الحنفی
42. عبدالرحمن بن عبد المزنی
43. نافع ابن ہلال الجملی
44. عمر قرینہ الا انصاری
45. جون بن خوی غلام الغفاری
46. عمر ابن خالد الصیریدی
47. حظلہ ابن اسعد الشبامی
48. سوید ابن عمر الاتماری
49. یحییٰ بن سلیم المازنی
50. قرہ ابن ابی قرہ انصاری
51. مالک ابن انس المالکی
52. زیاد ابن غریب الصائدی
53. عمر بن مطاع الجعفی
54. حجاج ابن مسروق المدحجی
55. زہیر ابن قلین الجبلی
56. حبیب بن مظلما الراسوی
57. ابوثمامہ عمرو عبداللہ العیدی
58. انیس بن معقل الاصجی
59. جابر بن عروہ الغفاری
60. سالم مولی عامر العبدی
61. جنادہ ابن کعب
62. عمر بن جنازہ الانصاری
63. جنادہ بن الحرث السلمانی
64. عالس ابن شبیب الشاکری
65. ثوزب ابن عبداللہ ہمدانی
66. عبدالرحمن بن عرۃ الغفاری
67. حرث ابن امرو القیس الکندی
68. یزید ابن زیاد المدلی
69. ابوعمر والنہشلی
70. جندب ابن حجیر الخولانی الکندی
71. سلمان بن مضارب الانماری
72. مالک ابن عبداللہ الجابری



نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ

تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ

كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي

بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

# نادِ علی

## نزول نادعلیؑ

مختلف الروایات کے مطابق اللہ تعالیٰ عزوجل نے "نادعلی" کو بذریعہ وحی حضور رسول کریم ﷺ نازل فرمایا جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور رسول کریم ﷺ کو ذیل کے کلمات نادعلی سکھلائے۔

کلمات نادعلی:۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرِ الْعَجَآئِبِ، فَتَجِدْهُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوآئِبِ کُلِّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِی

جواب میں حضور رسول کریم ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے ذیل کے الفاظ دہرائے اور ان کو اس کا جزو لازم قرار دے دیا جس پر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آمین ثم آمین کہی۔

بِعَظْمَتِکَ یَا اللّٰہ یَا اللّٰہ یَا اللّٰہ

بنبوتک یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ

بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ



# وجہ تسمیہ نزول

احادیث معتبر و اخبار صحیحہ کے اندر وارد ہے کہ "نادعلی" کے نزول کی وجہ حسب ذیل ہے۔

جنگ احد میں کفار نے جب جناب رسالتمآب ﷺ کے دندان مبارک شہید کئے اور حضرت امیر حمزہ بن عبدالمطلب (چچا حضور رسول کریم ﷺ) درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور بہت سے مسلمان مقتول و مجروح ہوئے تو اس روز جناب حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام بن ابی طالب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود نہ تھے اس وقت حضرت رسول کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں جناب باری تعالیٰ کی جانب سے حضرت جبرئیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور ان کلمات ذیل کے ذریعے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو طلب کرنے کا حکم دیا۔ جب آپ ﷺ نے اپنی زبان مبارک پر ان الفاظات کو جاری فرمایا تو آپ ﷺ کی آواز مبارک حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے گوش مبارک تک پہنچی جواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:۔ لبیک یا نبی اللہ! لبیک یا رسول اللہ

اور اسی وقت آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں آن حاضر ہوئے حضور نبی کریم ﷺ نے ان الفاظ نادعلی کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو سکھایا اور ان کے ذریعہ دشمنوں پر حملہ کرنے کا حکم جاری فرمایا اور اپنی تلوار ذوالفقار بھی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عنایت فرمائی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نادعلی کے الفاظات بلند آواز سے پڑھتے ہوئے ذوالفقار سے کفار پر ٹوٹ پڑے اور بہت سے کفار کو شہید کر دیا یہ حالت دیکھ کر کفار قریش بھاگ کھڑے ہوئے اور لشکر اسلام کو فتح یابی نصیب ہوئی اور بہت سا مال غنیمت بھی مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ جب کہ جواہر خمسہ کے مصنف حضرت شاہ محمد غوث شطاری قادری گوالیاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اس کے نزول کو جنگ خیبر سے متعلقہ بتاتے ہیں اور قلعہ

Scanned with CamScanner

مرحب کے دروازے کو تلوار کی نوک سے انہی الفاظ کی تاثیر و برکت سے اکھاڑ کر پھینک دیا تھا جس کو ستر آدمی بمشکل اٹھایا کرتے تھے۔

بعض شارحین اس کے نزول کا واقعہ غزوہ تبوک سے منسوب کرتے ہیں۔

# نادعلی طریقہ دعوت برائے عاملین

ہدایات:۔

جو حضرات نادعلی کے مکمل عامل بننا چاہتے ہوں تو ان کے لئے ذیل کی ہدایات اپنانا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے تاکہ درست طریقے سے عمل کے فیوضات و برکات سے مستفید ہوسکیں۔

☆ سب سے پہلے اپنے آئینہ دل کو صاف کریں اور ان تمام اشیاء سے پرہیز کریں جو دل کے اندر زنگ و کثافت پیدا کرتی ہیں۔ ایمان اور اعتقاد کی درستگی کے ساتھ ہر گناہ سے بچنا بے حد ضروری ہے زنا، لواطت، چوری، شراب، سود، کذب، تکبرّ اور دیگر تمام عیوب سے پرہیز لازم ہے۔

☆ رزق حلال کمائے اور کھائے۔ حرام روزی سے بچے۔

☆ نماز پنجگانہ کی پابندی اختیار کرے۔

☆ عمل کے آغاز سے قبل کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے جہاں شور و غل اور لہو لعب بالکل نہ ہو یا گھر کا وہ کونہ جو ہر قسم کے لغویات سے پاک ہو اور کسی کی بھی مداخلت نہ ہو۔

☆ باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جس حد تک ہو سکے



خشوع وخضوع پیدا کرے تاکہ عمل کے فیوضات و برکات سے بخوبی استفادہ پاسکے۔

☆ ہمہ اقسام کے ترک جلالی اور ترک جمالی کو اختیار کرے۔

☆ روزانہ وقت مقررہ پر مقررہ جگہ پر لوبان وغیرہ سلگائے اس کے بعد نادعلی کو شروع کرے۔

☆ لوکی ترکاری بغیر مرچ کے پکائے اور جو کی روٹی خود پکا کر رکھے روزانہ صبح کو اسی سے روزہ رکھے اور شام کو اسی سے افطار کرے۔

عمل کے دوران نہر یا دریا کا مصفا پانی زیر استعمال لائے۔

# عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے توفیق و استعانت اور منظوری کے لئے سات یا گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ، آل اولاد و والدین نبی ﷺ، اولیاء امت، مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ آقائے دو جہاں ﷺ انتہائی حضوری قلب اور خشوع و خضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تاکہ اس کے اثرات سے کماحقہ استفادہ حاصل ہو سکے۔

سب سے پہلے نادعلی کو نصاب کی نیت سے بارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس عمل کو اکیس یوم تک لگاتار جاری رکھے اول وآخر اعتصام، اختتام دس دس مرتبہ پڑھے پھر گیارہ روز تک اس کی زکوٰۃ چھ ہزار پڑھے بعدازاں گیارہ روز تک عشر تین ہزار کی تعداد میں ادا کرے بعدازاں قفل ایک ہزار پانچسو مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے آخری روز شیرینی پر نیاز دلا کر غریبوں میں تقسیم کرے۔

Scanned with CamScanner

یہ عمل صغیر ہے عمل کبیر کے لئے نادعلی کبیر معہ ہر ایک کا عرصہ بہ ترتیب ذیل ہوگا۔

| | |
|---|---|
| نصاب بہ تعداد بارہ ہزار | نوے یوم تک۔ |
| زکوٰۃ بہ تعداد چھ ہزار | اکتالیس یوم تک۔ |
| عشر بہ تعداد تین ہزار | اکتالیس یوم تک۔ |
| قفل ایک ہزار پانچسو کی تعداد میں | اکتالیس یوم تک۔ |

بعدازاں نادعلی کبیر کے کلمات کی کل تعداد بارہ ہزار روزانہ اکتالیس یوم تک اول وآخر اعتصام واختتام اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھے اور روزانہ روزہ رکھے۔

اکتالیس یوم میں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بفضلہٖ عامل کامل ہوجائے گا بعدازاں اس عمل کو روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ جاری رکھے پھر جس کام کے لئے بھی نادعلی کو استعمال میں لائے گا مکمل کامیابی برق رفتاری سے پائے گا نادعلی صغیر کی صورت میں اکتالیس یوم تک چار ہزار تین سو چتالیس کی تعداد میں روزانہ پڑھنا ہوگا بعدازاں اس عمل کو روزانہ ایک سو ایک مرتبہ جاری رکھے تاکہ ہر کام میں اس سے بخوبی استفادہ بفضلہٖ پاسکے۔

**اعتصام:۔**

اَللّٰهُ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ

**اختتام:۔**

یَا اَبَا الْغَیْثِ اَغِثْنِیْ وَیَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِمُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِیْنَ



# اعمال

## حفاظت الٰہی

جو کوئی اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنے کا خواہاں ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہیں۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بلاناغہ نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا مانگا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اپنی حفظ وامان میں رکھیں گے اور اس بندے سے ہمیشہ راضی رہیں گے۔

## شفاء امراض

ہمہ اقسام کی بیماریوں کے لئے نادعلی کا ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عشاء پانی پر نادعلی تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو یہ پانی روزانہ گیارہ یوم تک ان الفاظ کے ساتھ چوبیس گھنٹوں میں پانچ مرتبہ پلائیں۔

**الفاظ:۔**

**اغثنی یااللہ یامغیث یاشفائی شفاء کن بحق ناد علی**

اور بعداز نماز فجر ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پر خوشبو لگائیں اور نادعلی تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے موم جامہ کریں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل کی بدولت مریض بیماری سے ہمیشہ کے لیے شفاء پاجائے گا اور آئندہ ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

نقش مکرم:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یامیکائیل — یاجبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۴۱۲ | ۱۲۴۱۵ | ۱۲۴۱۸ | ۱۲۴۰۵ |
| ۱۲۴۱۷ | ۱۲۴۰۶ | ۱۲۴۱۱ | ۱۲۴۱۶ |
| ۱۲۴۰۷ | ۱۲۴۲۰ | ۱۲۴۱۳ | ۱۲۴۱۰ |
| ۱۲۴۱۴ | ۱۲۴۰۹ | ۱۲۴۰۸ | ۱۲۴۱۹ |

یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی

یااسرافیل — یاعزرائیل

# لاعلاج مرض کا علاج

جس کسی کو ایسی بیماری لاحق ہو اور کسی بھی صورت اس سے آرام نہ پاتا ہو ڈاکٹر، حکیم اس کو جواب دے چکے ہوں تو ایسے میں نادعلی کا ذیل کا عمل اکسیر اعظم اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بوقت اشراق پانی پر نادعلی ایک ہزار پانچصد مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی بنائیں اور مریض کو ہر گھنٹے بعد یہ پانی پلائیں پانی پلاتے وقت یہ الفاظ دھرائیں۔

الفاظ:۔

**یاشافی یا کافی یا باقی شفاؤک بحق ناد علی و بحق لا اله الا الله محمد رسول الله**



بعداز نماز فجر ذیل کا نقش نادعلی زعفران وگلاب ومشک سے سفید کاغذ پر بنائیں خوشبو لگائیں اور اس پر نادعلی کبیر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ بفضلہٖ خداعزوجل کے کرم سے دن بدن بیماری سے شفا ملنا شروع ہوجائے گی اور اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے اس لاعلاج بیماری سے مکمل طور پر شفاء کاملہ حاصل ہوجائے گی۔

نوٹ:۔

اس نقش کا ہدیہ اکتالیس روپیہ خیرات کردیں اور شفایابی پر نیاز مولا مشکل کشاء حسب توفیق غرباء میں تقسیم کردیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بَعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقِ

## نادعلی

نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرِ الْعَجَآئِبِ، فَتَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوآئِبِ کُلِّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِی

بِعَظْمَتِکَ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ

بنبوتک یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ

بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ

Scanned with CamScanner

نقش :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نادِ | علیًا | مظهر | العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل همٍ |
| علیًا | مظهر | العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل همٍ | وغمٍ |
| مظهر | العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل همٍ | وغمٍ | سینجلی |
| العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل همٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک |
| تجده | عونالک | فی النوائب | کل همٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد |
| عونالک | فی النوائب | کل همٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولاتیکٔ |
| فی النوائب | کل همٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولاتیکٔ | یاعلی |
| کل همٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولاتیکٔ | یاعلی | یاعلی |

## نقش ناد علی صغیر

ناد علی مشہور و مقبول دُعا ہے ہر مصیبت اس سے دور ہوتی ہے سینکڑوں برس سے علماء اور عامل اس سے فیضیاب ہورہے ہیں یہ نقش ناد علی صغیر ہے اس نقش معظم کو باوضو باُدب لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں اس کی برکت سے فیض یاب ہوں گے۔



نقش مکرم :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یاجبرائیل — یا میکائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۲۱ | ۱۱۳۵ | ۱۱۳۲ | ۱۱۲۸ |
| ۱۱۳۳ | ۱۱۲۷ | ۱۱۲۲ | ۱۱۳۴ |
| ۱۱۲۶ | ۱۱۳۰ | ۱۱۳۷ | ۱۱۲۳ |
| ۱۱۳۶ | ۱۱۲۴ | ۱۱۲۵ | ۱۱۳۱ |

یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی

یاعزرائیل — یااسرافیل

## عبادت میں توجہ و یکسوئی

اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی عبادت و ریاضت کی طرف مائل نہ ہوتا ہو اور عبادت کرتے ہوئے کاہلی اور سستی پیدا ہوتی ہو یا دھیان کسی اور طرف مسلسل جاتا رہتا ہو، طبیعت میں ٹھہراؤ اور توجہ و یکسوئی کی کیفیت نہ پیدا ہوتی ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ ناد علی پڑھے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی عبادت و ریاضت میں سکون قلبی پیدا ہوگا اور توجہ و یکسوئی کامل حاصل ہوگی۔

Scanned with CamScanner

# دیدار حضرت محمد ﷺ

حضور پُرنور ﷺ کا دیدار کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد نماز عشاء اوّل وآخر ذیل کا درود شریف ایک سو مرتبہ اور پانچ سو بار نادعلی پڑھے اور باوضو قبلہ رخ منہ کر کے سوجائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے پانچ یوم کے اندر اندر رسول اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

درود پاک:۔

مَنْ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

## انبیاء آئمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت

اگر کوئی حضور نبی کریم ﷺ اور آئمہ طاہرین کے انوار و جمال کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے شب جمعہ شروع ماہ زاہد النور میں بوقت شب ہزار مرتبہ نادعلی پڑھے اور بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل کے بعد غسل کر کے لباس پاک پہنے اور خوشبو لگائے اور ذیل کا درود پاک اوّل وآخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا



# حل الحاجات

ہر قسم کی جائز دینی و دنیوی حاجات کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے جب چاند عروج پر ہو تو ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے درمیان میں ساٹھ مرتبہ نادعلی پڑھے۔

اس کے بعد چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد نادعلی پڑھے اس کے بعد چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے پھر پچاس مرتبہ:۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اُس کے بعد پچاس مرتبہ:۔

اَسْتَغْفِرُو اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْخَطَاءً سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

اس کے بعد پچاس مرتبہ درود شریف ذیل پڑھے اس طرح چاروں رکعت مکمل کرلے اور پھر حضوری قلب اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ عزوجل کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے خوب عاجزی وانکساری سے دُعا مانگے۔

ہر روز بلاناغہ اس وقت تک پڑھے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہوجائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اندر اندر حاجت بفضلِ ہی پوری ہوجائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَاوَمُرْشِدِنَا

Scanned with CamScanner

وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَيِّبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

## علاج جسمانی کمزوری

جو شخص بیماری یا کسی اور وجہ سے سخت جسمانی کمزوری میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ ستر مرتبہ نادِ علی پڑھے اور اپنے اوپر دم کیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی کمزوری دور ہوتی جائے گی۔

## ہر لحاظ سے مفید عمل

جو شخص ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور پندرہ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر وہی مسجد میں خلوصِ نیت سے دُعا مانگے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نمایاں کامیابی ہوگی۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ



## برائے نجات دشمن

اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے پاک مٹی پر سات مرتبہ نادِ علی پڑھ کر اس میں اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف ذیل پڑھ کر دم کرے اور ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکم خدا کا کوئی ضرر اُس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود تنجینا:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

Scanned with CamScanner

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۳۰۶ | ۱۲۳۱۷ | ۱۲۳۱۶ | ۱۲۳۱۱ |
| ۱۲۳۱۵ | ۱۲۳۱۲ | ۱۲۳۰۵ | ۱۲۳۱۸ |
| ۱۲۳۰۹ | ۱۲۳۱۴ | ۱۲۳۱۹ | ۱۲۳۰۸ |
| ۱۲۳۲۰ | ۱۲۳۰۷ | ۱۲۳۱۰ | ۱۲۳۱۳ |

# فراخی رزق

اگر کوئی شخص توسیعِ رزق اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کا خواہش مند ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ ہر روز صبح کے وقت ایک سو مرتبہ نادعلی پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے اور پڑھنے کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نادعلی معہ درود شریف پڑھنے سے مقصد میں نمایاں کامیابی ہوگی۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی
لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ



نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۳۱۵ | ۱۲۳۱۲ | ۱۲۳۰۵ | ۱۲۳۱۸ |
| ۱۲۳۰۶ | ۱۲۳۱۷ | ۱۲۳۰۶ | ۱۲۳۱۱ |
| ۱۲۳۲۰ | ۱۲۳۰۷ | ۱۲۳۱۰ | ۱۲۳۱۳ |
| ۱۲۳۰۹ | ۱۲۳۱۴ | ۱۲۳۱۹ | ۱۲۳۰۸ |

# ہر قسم کے بخار کے لئے

اگر کسی کو بخار ہوجائے اور دوا سے آرام نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے چینی کے سفید پیالے پر مشک وزعفران وگلاب سے نادعلی لکھ کر آبِ باراں یا کسی پاک وصاف پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے اوّل وآخر درود شریف ذیل پڑھ لیں۔

انشاء اللہ بفضلِ باری تعالےٰ شفاء ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیًا فِی الْاَنْبِیَآءِ وَسَلِّمْ

# برائے حصول حب

جوکوئی حب کا حصول چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، نافع اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے کوئی شخص ہر روز گیارہ بار نادعلی پڑھ کر اول وآخر سات

Scanned with CamScanner

سات بار ذیل کا درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت سے ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

## دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص ایک ہزار ساٹھ مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی وار نہ کر سکے گا۔ اوّل وآخر ذیل کا درود پاک پڑھنا بے حد مفید اور نافع ہے۔

درود تنجینا:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَابِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"



## حل المشکلات

جو کوئی اپنی مشکلات کا حل چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ ایک سو ساٹھ مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۳۱۸ | ۱۲۳۰۵ | ۱۲۳۱۲ | ۱۲۳۱۵ |
| ۱۲۳۱۱ | ۱۲۳۱۶ | ۱۲۳۱۷ | ۱۲۳۰۶ |
| ۱۲۳۱۳ | ۱۲۳۱۰ | ۱۲۳۰۷ | ۱۲۳۲۰ |
| ۱۲۳۰۸ | ۱۲۳۱۹ | ۱۲۳۱۴ | ۱۲۳۰۹ |

## دلی مراد پوری جائے

حاجتوں کے برآنے اور مشکلات کے حل ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ستر

Scanned with CamScanner

مرتبہ بارہ روز تک نادعلی پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ خدا تعالیٰ نے چاہا تو مراد پوری ہوجائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

# شفا بخش مجرب عمل

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو اور مریض علاج کروا کروا کر تنگ آچکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لیے شافی علاج ہے اس عمل کو حضرت علامہ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے تجربات میں لکھا ہے کہ یہ عمل تمام لاعلاج امراض کو دور کرنے کے لئے مجرب واکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ انہوں نے تجربات میں یہ بھی لکھا ہے کہ میں نے یہ عمل ایک شخص جس کا نام محمود تھا اور وہ جذام کے مرض میں مبتلا تھا کو بتایا۔ اس شخص سے ہر کوئی نفرت کرتا تھا اس نے اللہ تعالیٰ کا مبارک نام لے کر اس عمل کو شروع کیا۔ اور وہ دو ہفتوں میں بالکل تندرست ہوگیا اور اس کے جسم پر مرض کا نام ونشان تک باقی نہ رہا۔ عمل یہ ہے۔

باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اور ذیل کا درود شریف اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے درمیان میں سات مرتبہ نادعلی پڑھے پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافی پڑھے پھر مریض پر دم کرے اس کے ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر دم کرے اور مریض کو پلادے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بفضلِ خدا ہر طرح کے مرض سے شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔ (آمین)

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ



# بے خوابی کا خاتمہ

اگر کسی شخص کو بے خوابی ہوتی ہو تو اس کے خاتمہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید و نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز جمعتہ المبارک کے بعد پندرہ مرتبہ نادعلی پڑھنے اور اوّل وآخر درود شریف ذیل سات سات مرتبہ پڑھنے سے اس کی بے خوابی کی شکایت دور ہوجائے گی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

# زہر کا اثر ختم ہوجائے

اگر کسی شخص کو دشمنی کی بناء پر زہر دیا گیا ہو یا وہ خود کھا گیا ہو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے مشک و زعفران وگلاب سے سفید چینی کے برتن پر نادعلی لکھ کر اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھ کر دم کرلے اور اس کو آب باراں سے پیالے کو دھوئیں اور پانی پر بارہ مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کریں اور بسم اللہ شریف پڑھ کر باوضو ہو کر پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ سے زہر کا اثر ختم ہوجائے گا۔

Scanned with CamScanner

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

## برائے نظر بد

جس کسی کو غیر مرد، عورت کی نظر بد لگ گئی ہو اور وہ اس سے بہت پریشان ہو تو اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے تین دن تک روزانہ بیس مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھ لے اور جس کسی کو نظر بد لگی ہو اس پر پھونک مارے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفائے کاملہ ہوگی۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

## محتاجگی سے حفاظت

جو شخص غریب و محتاج ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور بے حد اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔



اس مقصد کے لیے اُس شخص کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک مرتبہ نادعلی کا ورد کرے اور اوّل و آخر ذیل کا درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ غیر کی محتاجی سے محفوظ رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

## بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو نے کاٹا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل و آخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ کر اس مقام پر پھونکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

## حصول دولت

جو کوئی دولت کا حصول چاہتا ہو تو اس شخص کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص ہر صبح جب نیند سے بیدار ہو تو کسی سے بات کئے

Scanned with CamScanner

بغیر ننانوے مرتبہ نادعلی پڑھے۔ اوّل وآخر درود پاک ذیل کا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے تو وہ بحکم ربی غنی ومالدار ہوجائے گا۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۴۱۸ | ۱۲۴۰۵ | ۱۲۴۱۲ | ۱۲۴۱۵ |
| ۱۲۴۱۱ | ۱۲۴۱۶ | ۱۲۴۱۷ | ۱۲۴۰۶ |
| ۱۲۴۱۳ | ۱۲۴۱۰ | ۱۲۴۰۷ | ۱۲۴۲۰ |
| ۱۲۴۰۸ | ۱۲۴۱۹ | ۱۲۴۱۴ | ۱۲۴۰۹ |

## ردِ سحر کے لئے

اگر کسی شخص پر سحر کیا گیا ہو اور وہ اس وجہ سے بہت پریشان ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے سات مرتبہ باؤلی (کنویں) کے پانی پر نادعلی پڑھ کر اوّل و آخر ذیل کا درود پاک تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑا سا پانی اس کو پلائیں اور باقی پانی سے اس کو غسل کرائیں۔



انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سحر باطل ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِکَ

## کالے جادو کا توڑ

جس کسی شخص پر کالا جادو کیا گیا ہو اس کے لئے وہ لاجواب نقش بھی درج ذیل ہیں کسی کامل ولی اللہ سے لکھوا کر اجازت حاصل کر کے استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

پہلا نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | |
|---|---|---|
| ۳۹۱۱ | ۳۹۰۴ | ۳۹۰۹ |
| ۳۹۰۶ | ۳۹۰۸ | ۳۹۱۰ |
| ۳۹۰۷ | ۳۹۱۲ | ۳۹۰۵ |

دوسرا نقش:۔

یااللہ یامحمد ﷺ یاعلیؑ یافاطمہؑ یاحسنؑ یاحسینؑ

یہ نقش علی الصبح نہار منہ پانی میں گھول کر پلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ کالے جادو کا اثر ختم ہوجائے گا مریض صحت یاب ہوجائے گا یہ عمل مسلسل چالیس یوم جاری رکھیں۔

یہ وظیفہ بھی کرتے رہیں۔

Scanned with CamScanner

وظیفہ:۔

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ ط وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

# حفاظت از مرگ مفاجات

جو شخص ہر روز چالیس مرتبہ نادعلی پڑھے گا اور اوّل وآخر ذیل کا درود پاک پڑھے گا وہ مرگ مفاجات سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بے خوف رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

# شہد کی مکھی کے ڈنک کا علاج

جس شخص کو شہد کی مکھی نے ڈنک مار دیا ہو اور وہ شخص اس وجہ سے بہت زیادہ تکلیف محسوس کرتا ہو اور اس تکلیف سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ کر اس مقام پر پھونکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِکۡ عَلٰی رُوۡحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡاَرۡوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی قَلۡبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡقُلُوۡبِ وَصَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الۡاَجۡسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی قَبۡرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡقُبُوۡرِ



# برائے شجاعت ودلاوری

شجاعت ودلاوری کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے بیس روز تک ہر روز پچاس مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شجاعت ودلاوری ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ الۡحَبِیۡبِ الۡعَالِی الۡقَدۡرِ الۡعَظِیۡمِ الۡجَاہِ بِقَدۡرِ عَظۡمَۃِ ذَاتِکَ

# نظر بد سے محفوظ رہنے کا عمل

جو شخص قبل طلوع آفتاب تین بار نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر چھاتی پر پھونک مارے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ

# ڈیموں کے کاٹے کا علاج

جس شخص کو ڈیموں نے کاٹ لیا ہو اور وہ شخص اس وجہ سے بہت زیادہ تکلیف

Scanned with CamScanner

محسوس کرتا ہو اور اس تکلیف سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل و آخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ کر اس مقام پر پھونکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر ختم ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

## قید سے رہائی

کسی قیدی کی رہائی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے ایک سو ساٹھ مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل و آخر ذیل کا درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ نے چاہا تو قیدی جلد ہی سزا سے رہا ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

## سلامتی مسافرت

جو شخص سفر کرنا چاہتا ہو تو پہلے غسل کر کے دو رکعت نفل نماز باوضو حالت میں



پڑھے اور بعد از سلام نادعلی ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر اوّل و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے اور سفر پر روانہ ہوجائے۔

بفضلِ باری تعالیٰ بخیریت گھر واپس آئے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

## برائے دفع تہمت

اگر کسی شخص پر کوئی تہمت لگائی گئی ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ ہر روز چالیس مرتبہ نادعلی ہر نماز کے بعد پڑھے اور اوّل و آخر ذیل کا درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو بحکم رب تعالیٰ اس سے تہمت رفع ہوگی اور نام روشن ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ یَارَبَّنَا یَاکَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقٍ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا

## وسعت رزق کے لئے

خالق و مالک وہ آپ باری تعالیٰ ہے تنگ دستی کی صورت میں، حصول دولت و رزق اور فارغ البالی کے لئے ذیل کا عمل بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

بروز اتوار نیک ساعت میں ابتداء کرے اور روزانہ اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک برابر وقت پر نادعلی پڑھا کرے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ذیل کا ورد

Scanned with CamScanner

بھی کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ رزق کی تنگی دور ہوجائے گی اور رب تعالیٰ روزی کا خزانہ غائب سے دے گا۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ
اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نادِ | علیًا | مظہر | العجائب | تجدہ | عونالک | فی النوائب | کل ہمٍ |
| علیًا | مظہر | العجائب | تجدہ | عونالک | فی النوائب | کل ہمٍ | وغمٍ |
| مظہر | العجائب | تجدہ | عونالک | فی النوائب | کل ہمٍ | وغمٍ | سینجلی |
| العجائب | تجدہ | عونالک | فی النوائب | کل ہمٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک |
| تجدہ | عونالک | فی النوائب | کل ہمٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد |
| عونالک | فی النوائب | کل ہمٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتکٰ |
| فی النوائب | کل ہمٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتکٰ | یاعلی |
| کل ہمٍ | وغمٍ | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتکٰ | یاعلی | یاعلی |



# برائے فتح یابی

فتح یابی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے پانچ روز روزانہ چار سو مرتبہ نادعلی اور اوّل وآخر درود شریف ذیل کا پڑھ لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ ہر میدان میں فتح یابی ہوجائے گی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

# برائے رہائی قید

اگر کوئی شخص قید ہوگیا ہو اور اس سے رہائی چاہتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے گیارہ سو مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھنے سے کامل یقین رکھ کر منزل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ پہلے حکم پر رہا ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

# حصول اولاد نرینہ کے لئے

اگر کسی عورت کے ہاں فرزند نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے غسل کر کے باوضو کاسہ چینی پر زعفران وگلاب سے نادعلی لکھ

Scanned with CamScanner

کر بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر پلادیں۔

اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کی منزل بھی کریں۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر داہنے ہاتھ سے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم رب نے چاہا تو وہ عورت سرسبز ہوگی اور اللہ تعالیٰ اولادِ نرینہ جیسی نعمت سے نوازے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

## دشمنوں سے پوشیدہ ہونے کے لئے

اگر دشمنوں سے خطرہ ہو اور آپ اکیلے ہوں تو ان سے پوشیدہ ہونے اور اپنے آپ کو بچانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے اٹھارہ مرتبہ نادعلی کی منزل کریں اوّل وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر چھاتی اور چہرہ پر پھونک ماریں اور منہ پر ہاتھ پھیریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم رب نے چاہا تو دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَاَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَۃِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ



وَالْمُرُوَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمَوَدَّۃِ وَمَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمَحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی اَجْمَعِیْنَ

## زبان بندی اعداء کے لئے

زبان بندی اعداء کے واسطے متواتر دس دن تک روزانہ خلوص نیت سے دس مرتبہ نادعلی پڑھ لے اور اوّل وآخر ذیل کا درود مبارک سات سات بار پڑھنے سے اعداء کی زبان اس پر بند ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَۃِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِیَّۃِ وَلَمْعَۃِ الْقَبْضَۃِ الرَّحْمَانِیَّۃِ وَمَعْدَنِ الْاِسْرَارِ الرَّبَّانِیَّۃِ وَخَزَائِنَ الْعُلُوْمِ الْاَصْطَفَائِیَّۃِ صَاحِبِ الْقَبْضَۃِ الْاَصْلِیَّۃِ وَالْبَھْجَۃِ السُّنِّیَۃِ الرُّتْبَۃِ الْعَلِیَّۃِ مِنَ الدَّرَجَۃِ النَّبِیُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِہٖ فَھُمْ مِنْہُ وَاِلَیْہِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ مَاخَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰی یَوْمِ تُبْعَثُ مِنْ اَفْنَیْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

## شریر گھوڑے کو تابع کرنا

جس کسی کا گھوڑا نظر بد یا کسی اور وجہ سے شرارت پر آمادہ ہو یا سرکش ہوگیا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی عبادت کو زعفران وگلاب سے سفید پارچہ ریشمی پر

باوضو حالت میں لکھ کر اس پر نادعلی اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے گھوڑے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گھوڑے کی سرکشی اور نظر بندی ختم ہوجائے گی وہ مطیع وفرمانبردار ہوجائے گا۔

عبارت ونقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَصْرٌ” مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ” قَرِيْبٌ” وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ” حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ” الرَّاحِمِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا وَادْفَعْ بَلَائَنَا يَارَؤُفُ لَبَّيْكَ وَارْحَمْ لَبَّيْكَ وَارْفَعْ” لَبَّيْكَ وَاسْتَجِبْ لَبَّيْكَ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَحُصِّلَ مَافِي الصُّدُوْرِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ يَامُحَمَّدُ وَبِحَقِّ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًالَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ

## علاج ناسور

اگر کسی کو مرض ناسور ہوگیا ہو اور کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز چالیس مرتبہ نادعلی پڑھ کر ناسور پر دم کرے اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ لے۔



انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد شفاء ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ

## برائے قوت حافظہ

طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے نادعلی تین بار اوّل وآخر درود شریف ذیل تین تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

ان دونوں طبقوں کے لئے نہایت مفید اور فائدہ مند ہے اس سے ان کے ذہن کو طاقت پہنچتی ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ كَمَا لَانِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ

## نجات مرض اٹھرا

اگر کسی کی اولاد پیدائش کے بعد تھوڑا عرصہ زندہ رہتی ہو اس کے بعد مر جاتی ہو تو اس کی زندگی کے لئے چاہیئے کہ جب پیدا ہوجائے تو نیلے رنگ کا چار تار دھاگہ لے اس دھاگہ پر اکیس گرہ لگائے اور ہر گرہ پر اکیس مرتبہ نادعلی اور ذیل کا درود پاک پڑھ کر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا دھاگہ بچے کے گلے میں تعویز کی طرح ڈال دیں۔

بفضلِ باری تعالیٰ العزیز بچہ ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اللہ

Scanned with CamScanner

تبارک وتعالےٰ بچے کو اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اور بچے کی عمر طویل ہوگی۔ آمین۔

درود پاک:۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ نادعلی لکھ کر روغن بلسان خالص سے اس کو پانی کی طرح دھولیں پھر اس تیل پر ستر مرتبہ نادعلی پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کرلیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کمر درد ہونے کی صورت میں تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ درد میں آرام آجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

# علاج تھکاوٹ

جس شخص کو تمام دن کام کاج کی وجہ سے اگر تھکاوٹ ہو جائے اور وہ اس سے چھٹکارا پانا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

رات کو سوتے وقت پہلے اوّل گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تینتیس مرتبہ نادعلی پڑھے آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے اور اپنے جسم پر پھونک مارے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ تھکاوٹ دور ہوجائے گی۔

Scanned with CamScanner

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

# علاج خسرہ

خسرہ کے مرض کو دور کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے نیلے رنگ کا صاف سُوت لیں اس کے چند تار نکال کر باوضو حالت میں اکیس مرتبہ نادعلی پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر ایک بار نادعلی پڑھیں اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس کے بعد کوئی میٹھی چیز پکا کر کسی مسکین یا محتاج کو دے دیویں اور دم کیا ہوا دھاگہ مریض کے بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ خدا تعالیٰ مریض بہت جلد شفایاب اور صحت یاب ہوجائے گا۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ‘‘



# درد دفعیہ شقیقہ

اگر کسی کو درد شقیقہ کا عارضہ لاحق ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو ہو کر اوّل و آخر سات مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ نادعلی پڑھے اور آخر میں پھر سات مرتبہ درود شریف ذیل پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر ماتھے اور سر پر پھیرے تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد آرام آجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

# پٹھوں کا علاج

اگر کسی کے پٹھوں میں درد ہو اور دور نہ ہوتا ہو اور وہ اس سے بہت زیادہ تکلیف محسوس کرتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اُسے چاہیئے کہ روغن زیتون لے کر اس پر اکتالیس مرتبہ نادعلی پڑھے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور دم کرے یہ تیل مریض کے درد والی جگہ پر مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند بار مالش کرنے سے آرام آجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَّبِیًّا فِی الْاَنْبِیَآءِ وَسَلِّمْ

Scanned with CamScanner

# علاج دانت، داڑھ درد

جس شخص کے دانت، داڑھ میں درد ہو تو اسے چاہیئے کہ درد والی جگہ پر تیل سرسوں میں نمک ملا کر مرہم بنالے اور اس پر اکیس مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر دم کرلیں پھر یہ نمک تیل والا دائیں ہاتھ کی شہادت انگلی سے ملتے رہیں اور گندہ پانی نکلنے دیں اس کے بعد نیم گرم پانی سے غرارے کرلیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے اندر اندر بفضلِ باری تعالیٰ جلد آرام آجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیًّا فِی الْاَنْبِیَآءِ وَسَلِّمْ

# صلح کرانا

اگر کسی کا کوئی عزیز رشتہ دار یا دوست کسی غلط فہمی کی وجہ سے اس سے ناراض ہوگیا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے تھوڑا سا سرمہ لے اور چاند کی پہلی جمعرات سے اس عمل کو شروع کرے۔

ہر روز نماز ظہر کے بعد باوضو حالت میں ایک سو ایک بار نادعلی پڑھ کر سرمہ پر دم کرے لیکن شرط یہ ہے کہ نادعلی کو اس طرح سے پڑھے یعنی بسم اللہ شریف کی میم کو الحمد میں ملائے یہ عمل چار جمعرات تک ہر روز بلاناغہ کرے اس کے بعد جب عمل مکمل ہوجائے تو اس سرمہ کو کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ کرلے اور پھر ضرورت کے وقت نماز ظہر کے بعد اس سرمہ میں سے تھوڑا سا سرمہ علیحدہ نکال کر اس پر ناراض ہونے والے کا اور اپنا تصور کر



کے ایک سو ایک مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کرے اور پھر یہ سرمہ اپنی آنکھ میں لگا کر ناراض ہونے والے کے سامنے جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نادعلیؑ کی برکت سے ناراضگی خوشی میں بدل جائے گی اور ناراض فوری طور پر راضی ہوجائے گا لیکن شرط یہ ہے کہ سرمہ لگانے کے بعد سب سے پہلے اس سے آنکھ ملائے جو ناراض ہے اور کسی طرح بھی راضی نہ ہوتا ہو کسی دوسرے سے آنکھ نہ ملائے۔

اس عمل کی زکوٰۃ جمعرات سے چار جمعہ تک تیس دن میں ختم ہوگی۔ اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ اور تیر بہدف عمل ہے۔

# علاج بھگندر

اگر کسی کو بھگندر کا مرض ہوگیا ہو تو اس کے علاج کے لیے زرد رنگ لے کر سیاہی بنائیں اور اس سے چالیس نقش طریقہ ذیل سے سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بنائیں اور ان نقوش پر سورہ رحمان ایک مرتبہ، نادعلی اکہتر مرتبہ اور درود شفاء اول وآخر تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ ہر روز ایک نقش پانی میں گھول کر مریض کو دن میں وقفے وقفے سے پانی پلائیں چالیس یوم تک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مکمل صحت یابی حاصل ہوگی اور آئندہ کے لیے یہ مرض دوبارہ لاحق نہ ہوگا اس عمل کے دوران سرخ مرچ، انڈہ، گرم غذاؤں اور مصالحوں سے مکمل پرہیز کرنا لازم ہے بعد از صحت یابی اکتالیس روپیہ کا فقراء میں تقسیم کرے۔

درود شفاء:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقِ

Scanned with CamScanner

نقش:۔

یارحمان یارحمان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
خَلَقَ الْاِنْسَانَ یَخْرُجُ مِنْھُمَا
اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَان

یارحمان یارحمان

نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرِ الْعَجَائِبِ، فَتَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ
فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِی بِعَظَمَتِکَ
یَااللّٰہ یَااللّٰہ یَااللّٰہ بِنُبُوَّتِکَ یَامُحَمَّدُ
یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ عَلِیُّ

## نسخہ حاجات

جو کوئی ہر روز نماز کے بعد ذیل میں دی ہوئی ترتیب کے مطابق نادعلی پڑھے گا اور اس پر ہیشگی اختیار کرے گا تو اس کی تمام دینی و دنیاوی حاجات بفضل باری تعالیٰ نادعلی کی برکت وتاثیر سے بغیر طلب، کیے پوری ہو جائیں گی۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر:۔

☆ نماز فجر کے بعد تیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔

☆ نماز ظہر کے بعد پچیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔

☆ نماز عصر کے بعد بیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔

☆ نماز مغرب کے بعد پندرہ مرتبہ نادعلی پڑھے۔



☆ نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ نادعلی پڑھے۔

اسی طرح کل سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔

ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنے مطلوبہ مقصد کے حصول کی نیت کرتے ہوئے باری تعالیٰ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جو بھی مشکل ہو گی وہ حل ہو جائے گی۔

## حل المشکلات

جو شخص سخت ترین مشکل میں مبتلا ہو اور اس کے حل کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ دو رکعت نماز نفل رات کو اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی اور ستر مرتبہ نادعلی پڑھے پھر سلام پھیر لے اور اس کے بعد آیت الکرسی سات مرتبہ اور نادعلی تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر یہ دعا انتہائی گریہ وزاری سے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی تمام مشکل دور ہو جائے گی۔

دعا:۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ تَسْمَعُ کَلَامِیْ وَتَرٰی مَکَانِیْ وَتَعْلَمُ سِرِّیْ
وَعَلَانِیَتِیْ لَا تَخْفٰی عَلَیْکَ شَیْئٌ مِّنْ اَمْرِیْ اَدْعُوْکَ دُعَاءَ
الْبَائِسِ الْفَقِیْرِ الْمُسْتَغِیْثِ الْمُعْتَرِفِ بِذَنْبِہٖ وَالتَّقْصِیْرِ
وَاَسْئَلُکَ مَسْئَلَۃَ الْمِسْکِیْنِ وَاَبْتَھِلُ اِلَیْکَ اِبْتِھَالَ الْعَبْدِ
الضَّعِیْفِ الْمُذْنِبِ الْحَقِیْرِ اِبْتِھَاکَ مَنْ خَضَعَتْ لَکَ رَقَبَتُہٗ،
وَفَاضَتْ اِلَیْکَ عَبْرَتُہٗ، وَاَذَلَّ لَکَ خَدُّہٗ، وَرَغَمَ لَکَ اَنْفُہٗ،
اَنْ تُحْیِیْ قُلُوْبَنَا وَ تَشْرَحَ صُدُوْرَنَا وَتَجْعَلَ مَسَاعِیْنَا خَالِصًا

لِوَجْهِکَ الْکَرِیْمِ وَسَبَبَ الْفَوْزِ اِلَی النَّعِیْمِ وَوَفِّقْنَا لِمَا هُوَ
مَحْضُ رِضَاکَ وَاخْتِمْ لَنَا مِنْکَ بِخَیْرٍ وَجْعَلْنَا غَدًا مَعَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِیْنَ
وَحَسُنَ اُولٰئِکَ رَفِیْقًا وَاکْفِنَا مَا اَهَمَّنَا مِنْ اُمُوْرِ الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ وَلَا تُشْمِتْ بِنَا الْاَعْدَاءَ وَلَا الْقَوْمَ الْحَاسِدِیْنَ وَلَا
تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا فِیْ دِیْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَا اَکْبَرَ هَمِّنَا وَلَا
مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا یَخَافُکَ وَلَا
یَرْحَمُنَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَاَحْیِنَا حَیَاةً طَیِّبَةً وَافْتَحْ
لَنَا اَبْوَابَ الْخَیْرِ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ" الرَّازِقِیْنَ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا
ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ
الْکَافِرِیْنَ رَبَّنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا
عَذَابَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وبحق ناد علیاً
نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرِ الْعَجَآئِبِ، فَتَجِدْهُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوآئِبِ کُلِّ
هَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بَعَظْمَتِکَ یَااللّٰه یَااللّٰه یَااللّٰه بنبوتک
یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ

# میاں بیوی میں محبت و یگانگت

جن میاں بیوی کے درمیان اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔اور ہر وقت کی ناچاقی کی فضا برپا رہتی ہو یا خاوند بیوی کو پسند نہ کرتا ہو اور بے توجگی اور غصے سے بھرپور رہتا ہو بعینہ بیوی مرد کو ناپسند کرتی ہو یا بلاوجہ ہر وقت لڑائی جھگڑا کرتی ہو تو ایسی صورت میں ذیل کی دُعا کو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھے اور اس پر تین



مرتبہ سورہ رحمٰن اور نادعلی تین سو تیرہ مرتبہ اور اول وآخر درود پاک ابراہیمی سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور یہ نقش موم جامہ کر کے انہیں دے۔

اگر مرد کی ناراضگی دور کرنا ہو اور محبت و خوشی حاصل کرنا ہو تو عورت اس نقش کو اپنے سر کی چوٹی میں باندھے پاکی و پلیدی کا خاص خیال رکھے اور ایام حیض میں اس کو اتار کر سنبھال لے اور بعد از پاکی نفاس پھر اس کو اپنے سر کی چوٹی پر باندھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مرد کے دل میں عورت کی محبت و یگانگت دائمی پیدا ہوگی اور بیوی کی الفت کے بغیر مرد رہ نہیں سکے گا۔

اگر عورت کی درشتگی اور بدنفسی دور کرنا ہو تو مرد اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھے اور برے خیالات سے پرہیز کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز عورت کی بدنفسی ختم ہو جائے گی اور اس کی نفرت شدید الفت میں بدل جائے گی اور وہ مرد کے بغیر رہ نہ سکے گی انتہائی مجرب عمل ہے۔

نقش کو استعمال کرنے سے پہلے اکیس روپیہ فقراء میں لازماً تقسیم کریں۔

نقش و دُعا:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
یَاسَیِّدُ یَاسَیِّدُ یَاسَیِّدُهُ اَللّٰهُمَّ مَوَدَّتُ وَمُحَبَّتُ بَیْنَ فَلَاں بن
فَلَاں عَلٰی حُبِّ فُلَاں بِنْتِ فُلَاں بَیْنَ آدَمَ وَ حَوَّا کَمَا بَیْنَ
اِبْرَاهِیْمَ وَسَارَا کَمَا بَیْنَ یُوْسَفَ وَزُلَیْخَا کَمَا بَیْنَ مُحَمَّدٍ
وَّعَآئِشَةَ وَمَارِیَةَ وَکَمَا بَیْنَ عَلِیٍّ" وَّفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ وَبِحَقِّ
یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَبِحَقِّ
الرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَبِحَقِّ بَسْتُ حُرُوْفِ اَبْجَدُوْ بِحَقِّ اِیْنَ

Scanned with CamScanner

اِسْمِ اَعْظَم یَاحَیُّ وَیَاقَیُّوْمُ وَیَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَااَرْحَمُ
الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی سَائِرُ
الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بحق نَادِ
عَلِیًّا مَظْھَرِ الْعَجَائِبِ، لَتَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ
وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظْمَتِکَ یَااللّٰہ یَااللّٰہ یَااللّٰہ بنبوتک
یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ

نقش:۔

پشت کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۳۱۵ | ۱۲۳۰۶ | ۱۲۳۲۰ | ۱۲۳۰۹ |
| ۱۲۳۱۲ | ۱۲۳۱۷ | ۱۲۳۰۷ | ۱۲۳۱۴ |
| ۱۲۳۰۵ | ۱۲۳۱۶ | ۱۲۳۱۰ | ۱۲۳۱۹ |
| ۱۲۳۱۸ | ۱۲۳۱۱ | ۱۲۳۱۳ | ۱۲۳۰۸ |

# حصول جاہ وحشم

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت بڑھ جائے اور وہ جس کے سامنے بھی جائے وہ اس کی خندہ پیشانی سے عزت کرے حکام کے دل مسخر ہو جائیں اور اس کی دنیاوی حاجات ان سے پوری ہوں اور بروج و سیارگان کی نحوست بھی ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے تو ایسے فرد کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر روز بعد نماز مغرب تین مرتبہ سورہ رحمٰن کا اور ستر مرتبہ نادعلی کا وردرکھے اور اس کے بعد حضوری قلب سے دُعا ذیل مانگے۔



انشاء اللہ تعالیٰ العزیز دلوں میں مقبول خلائق ہو جائے گا اس کی عزت و آبرو بڑھ جائے گی اور اس کی تمام دینی و دنیاوی حاجات غیب سے پوری ہوں گی خلوص نیت سے یہ عمل اکتالیس روز جاری رکھے اور نظارہ الٰہی دیکھیے۔

دُعا:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَامَلٰئِکَۃِ کُلُّکُمْ بِاَمْرِ اللّٰہِ اَنْ تُعِیْنُوْنِیْ وَاَنْ تَمُدُّوْنَنِیْ فِیْ
مُرَادِیْ وَمَقْصُوْدِیْ وَاحْفَظُوْالِیْ وَاَھْلِیْ وَوُلْدِیْ وَوَالِدِیْ
وَذُرِّیَّاتِیْ وَاِخْوَانِیْ وَاحِبَّائِیْ وَاَصْدِقَائِیْ وَمَا اَحَطْتُ عَلَیْہِ
شَفَقَۃُ قَلْبِیْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمِنْ نُحُوْسَاتِھِمْ
وَمِنْ نُحُوْسَاتِ الزُّحَلُ وَالْمُشْتَرِیْ وَالْمِرِّیْخِ وَالشَّمْسِ
وَالزُّھْرَۃِ وَالْعَطَارُدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ وَالْاِکْلِیْلِ
وَمِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیْطٰنِ
وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّسَاکِنٍ وَّ ظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّطَاغٍ وَّمَارِدٍ
وَّمُعَانِدٍ وَالْاَحِقِ وَّسَابِقٍ وَّمُتَصَرِّکٍ وَسَاکِنٍ وَّھَامَّۃِ
وَّالْاَمَّۃِ وَّذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَمِنْ اٰفَاتِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمِنْ
شَئِ الْبَرِیَّۃِ وَالْعَجْرِیَّۃِ اَجْمَعِیْنَ وَاعْلَمُوْا اَبْصَارَھُمْ
وَاقْبِضُوْا لِسَانَھُمْ وَاَیْدِیْھُمْ وَعَلِّمُوْنِیْ عِلْمَ الَّذِیْ یَکُوْنُ
نَافِعًا وَّصَرْفًا عَلٰی جَمِیْعِ الْعُلُوْمِ وَاعْطُوْنِیْ رِزْقًا حِلَالًا
طَیِّبًا وَجَلْبَ تُکُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ
وَالنِّسَآءِ اَبِیْ بِالْمُوَدَّۃِ وَالْمَحَبَّۃِ وَانْصُرُوْنِیْ نَصْرَۃً عَلٰی

سَآئِرِ الْاَعْدَآءِ وَّاَخْبِرُوْنِیْ مَافِیْ الْحَوَادِثِ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ
قَبْلَ وَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَا اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالِمِ الْعَجَلُ
الْعَجَلُ السَّاعَةَ السَّاعَةَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ
مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ
وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَوَلَدِهِ الشَّرِیْفِ اَلسَّیِّدِ مُحْیِ الدِّیْنِ
حَضْرَتِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ رَحْمَةَ اللّٰهِ تَعَالٰی
عَلَیْهِ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانِ دَاوٗدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ بِرَحْمَتِکَ
یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بحق یارحمان یا رحیم (سات مرتبہ)
نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرِ الْعَجَآئِبِ، فَتَجِدْهُ عُوْنًا لَکَ فِی النَّوَآئِبِ کُلِّ
هَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بَعَظْمَتِکَ یَااللّٰه یَااللّٰه یَااللّٰه بنبوتک
یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ
(تین مرتبہ)





# آیت الکرسی باموکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ
وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ اَجِبْ
یَاجِبْرَائِیْلُ یَاکَمَائِیْلُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ
عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِکَةِ
الْمُقَرَّبِیْنَ اَجِبْ یَااِسْرَافِیْلُ یَاکَوَاکِیْلُ یَاتَنْکَفِیْلُ
سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا
بِاِذْنِهٖ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ
الْمَلَائِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ اَجِبْ یَامِیْکَائِیْلُ یَا
حَرْبَائِیْلُ یَانَائِیْلُ یَاتُمْقَائِیْلُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ عَزَمْتُ
عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ
اَجِبْ یَاشَوْرَائِیْلُ یَا بَسَامَائِیْلُ یَا اَحْمَائِیْلُ یَاسَامِعًا

مُطِيْعًا بِحَقِّ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ عَزَمْتُ
عَلَيْكُمْ يَا رَبَّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا
مِيْكَائِيْلَ يَا حَفْلَائِيْلَ يَا طَوْطَائِيْلَ يَا مُوْطَائِيْلَ
سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ
الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۔ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ
الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا بِرْتَائِيْلَ يَا تَرْتَنَائِيْلَ يَا
هَمْ بَائِيْلَ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ الْاَعْظَمِ اَنْ
تَقْضِيَ حَاجَتَنَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

زبردست ترین حصار ہے اور ارواح مخفی کے عاملین کے لئے ازحد ضروری ہے۔ اس حصار کے بعد عامل حاضرات کو حاضر کر کے جو مناسب حکم دے وہ بجا لائیں گے اور سرتابی کی جرأت نہیں کر سکتے۔ عامل کامل حضرات کے لئے بیش بہا خزانہ ہے۔ اثرات عامل خود دیکھے۔

## نادِ علی صغیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ
وَغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ
يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

## نادِ علی کبیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي
النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ اِلَى اللّٰهِ حَاجَتِيْ وَعَلَيْهِ
مُعَوَّلِيْ كُلَّمَا رَمَيْتُ مُتَقَاضِيَ فِي اللّٰهِ يَدُ اللّٰهِ وَلِيَّ
اللّٰهِ لِيْ اَدْعُوْكَ كُلَّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ
يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
وَسَلَّمَ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ
بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ
اَكْبَرُ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَائِكَ بَرِيٌّ بَرِيٌّ اَللّٰهُ صَمَدِيْ
بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا اَبَا الْغَيْثِ
اَغِثْنِيْ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ يَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ يَا وَالِيَ الْوَلِيِّ
يَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ يَا مُرْتَضٰى عَلِيُّ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ
بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ يَا ذَا الْبَطْشِ
الشَّدِيْدِ اَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِكُ الْمُنْتَقِمُ
الْقَوِيُّ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ
اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ
الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ يَا غِيَاثَ
الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ بِرَحْمَتِكَ
وَمَنِّكَ وَجُوْدِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

حصار برائے حاضرات کے علاوہ لامحدود اثرات کی حامل ہے ہر غرض مرض میں موثر ہے اور تمام افعال کے بارے میں مستند ہے۔ ہر کام میں تیر بہدف ہے۔ اثرات کے لئے دفتر درکار ہے اس کے اثرات کا احاطہ ناممکن ہے۔

اوّل آخر درود بر محمدؐ وآل محمدؐ پر ضروری ہے۔ عاملین عظام ہی حقیقی اثرات جان سکتے ہیں۔ میرے بس میں اثرات کو محدود کرنا ہرگز نہیں ہے۔

# نادِ علی با موکل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مُعْتَمَدِیْ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بِحَقِّ مُحَمَّدِ الْعَرَبِیْ یَاكَرِیْمُ تَكُنْ مِنِّیْ وَالْكَرِیْمُ یَاكَرِیْمُ فِیْ كَرَمِ كَرَمِكَ یَاكَرِیْمُ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ وَالْجَلِیْلُ فِیْ جَلَالِكَ یَا جَلِیْلُ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ سَمِیْعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ هٰذَا الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَكْرَامِ اَنْ تَقْضِیَ لَنَا حَاجَاتِنَا كُلَّهَا هَاءِ هَاءِ هَاءِ هُوَ هُوَ هُوَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِی النَّوَائِبِ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ یَا قَاهِرُ یَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدُ یَا قَاهِرُ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ سَمِیْعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَكْرَمِ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَاتِنَا كُلَّهَا هَاءِ هَاءِ هَاءِ هُوَ هُوَ هُوَ وَالْعِزَّتِیْ عِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ یَا سَمَائِیْلُ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَقْضِیَ لَنَا حَاجَاتِنَا كُلَّهَا اَللّٰهُ تَعَالٰی هُوَ هُوَ هُوَ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ



الظّٰلِمِیْنَ ○ یَا مَنْ نَظَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَجِبْ یَا عَمْرَائِیْلُ سَمِیْعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَكْرَمِ اَنْ تَقْضِیَ لَنَا حَاجَاتِنَا كُلَّهَا هَاءِ هَاءِ هَاءِ هُوَ هُوَ هُوَ بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ یَا عَظِیْمُ لِعَظَمَتِكَ یَا عَظِیْمُ بِنُبُوَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ بِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ اَیُّهَا الْمُرْتَضٰی یَا وَلِیَّ اللّٰهِ یَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ یَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَكْرَمِ اَنْ تَقْضِیَ لَنَا حَاجَاتِنَا كُلَّهَا هَاءِ هَاءِ هَاءِ هُوَ هُوَ هُوَ بِحَقِّ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ اَحْفَظْنَا مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ مِنْ شَرِّ اَعْدَائِكَ بَرِیْ بَرِیْ بَرِیْ بَرِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

نادِ علی صغیر کے اثرات کا احاطہ ناممکنات سے ہے ہر غرض میں کام آتی ہے۔ نادِ علی کبیر کا دائرہ اس سے وسیع ہے۔ کتابیں اثرات کے تذکرہ سے پُر ہیں۔

نادِ علی با موکل عامل چالیس دن پرہیز مجوزہ کے ساتھ (110) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عامل بن سکتا ہے۔ ایمرجینسی میں مبتدی بھی کام لے سکتا ہے۔

حاضرات کے لئے بہترین زبردست طاقتور ترین چیز ہے۔ مخفی مخلوق نادِ علی با موکل کے عامل سے لرزہ براندام ہو جاتی ہے اور سرتابی کی جرأت نہیں کر سکتی۔ ہر کام میں فائدہ دیتی ہے۔

اوّل و آخر محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درودِ ابراہیمی پڑھے۔

# چہل کاف با موکل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

كَفَاكَ رَبُّكَ يَا خَتْنَائِيلَ ۔ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةٍ
يَا ذُوْلَائِيلَ ۔ كَفَكَافُهَا كَكَمِينٍ يَا جَبْرَائِيلَ ۔ كَانَ
مِنْ كُلِّهَا ۔ يَا كَنْكَائِيلُ ۔ تَكَرُّ كَرًّا ۔ يَا مِيكَائِيلُ ۔ كَكَرِّ السَّكَرِّ ۔
يَا نَعْمَائِيلُ ۔ فِي كَبَدٍ تَحْكِي ۔ يَا سَرْكَائِيلَ مُشْكَكَشَكَةً
كُلُّكَا تُكِ كُلُكَا ۔ يَا هَمْرَائِيلُ كَفَاكَ مَا بِي كَفَافَ
الْكَافِ كَرَبَتْهُ يَا عَزْرَائِيلُ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِي يَا
دَرْدَائِيلُ ۔ كَوْكَبَ الْفَلَكَا ۔ يَا مِيكَائِيلُ ۔

یا شاہِ محمود سرہالی لنگوٹ بند چہل کاف۔

# دُعائے عافیت

جو شخص چاہے کہ اس کا حشر محمدؐ و آلِ پاک ان کی کے ساتھ ہو اور وہ حضرت موت، قبر، برزخ، قیامت، حساب اور کتاب وغیرہ کے مواقع پر بالخصوص اس پر رحمت فرمائیں تو اس دُعا کو ہر فرض نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھے۔

دُعا یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مَعَ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ فِي



كُلِّ عَافِيَةٍ وَّبَلَاءٍ وَاجْعَلْنِي مَعَ مُحَمَّدٍ وَّآلِ
مُحَمَّدٍ فِي مَثْوًى وَّمُنْقَلَبٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ
مَحْيَايَ مَحْيَاهُمْ وَمَمَاتِي مَمَاتَهُمْ وَاجْعَلْنِي
مَعَهُمْ فِي مَوَاطِنَ كُلِّهَا لَا تُفَرِّقْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

# نقشِ پنجتن پاکؑ باموٴکل

یہ نقش مقدس اسمائے پنجتن علیہم الصلوٰۃ والسلام کا ہے۔ جو شخص اس نقش متبرک کو حسب حال موکلان و اسمائے مقدس الٰہی کے ساعت نیک میں صاف کاغذ کے ٹکڑے پہ تازہ روشنائی طاہر اور قلم جدید سے لکھے۔ بوقت ورد سامنے رکھے۔ نیز بازوئے راست پہ باندھے۔ روز بروز اس کا مرتبہ بالا اور دولت سے بہرہ مند۔ عجائب و غرائب ظاہر ہوں۔

اعداد نام محمدؐ بانوے ۹۲، نام علیؑ کے ایک سو دس ۱۱۰، نام فاطمہؑ کے ۱۳۵، نام حسنؑ کے ۱۱۸ اور نام حسینؑ کے ۱۲۸ ہیں۔ پانچ اسم ہائے مبارک پروردگار کے یا حلیمُ، یا کریمُ یا رحیمُ یا قدیمُ یا عظیمُ مع نام موٴکلان کے نقش مبارک اگلے صفحے پہ ہے۔ اس کے فوائد لامحدود ہیں۔ ہر جائز کام میں موٴثر ہونے کے علاوہ اس قدر طاقتور نقش نایاب ہے باعث کون و مکان اور اسمائے عظیمہ کی بنا پر عظیم تاثیر اور عجائب و غرائب ظہور میں آتے ہیں جن کا اظہار نہ کرے ورنہ لطائف ربانیہ سے مستفید نہ ہو سکے گا۔

نقش اگلے صفحہ پہ ملاحظہ کریں



نقش یہ ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رحیم / حسینؑ / ۱۱۰ / اموائیل | عظیم / فاطمہؑ / ۱۱۷ / یومائیل | کریم / علیؑ / ۱۲۳ / حرذرائیل | قدیم / محمدؐ / ۱۲۹ / عطرائیل | حلیم / حسنؑ / ۱۰۴ / تنکفیل |
| قدیم / محمدؐ / ۱۲۴ / عطرائیل | حلیم / حسنؑ / ۱۲۵ / تنکفیل | رحیم / حسینؑ / ۱۰۵ / اموائیل | عظیم / فاطمہؑ / ۱۱۱ / یرمائیل | کریم / علیؑ / ۱۱۸ / حرذرائیل |
| عظیم / فاطمہؑ / ۱۰۶ / یومائیل | کریم / علیؑ / ۱۱۲ / حرذرائیل | قدیم / محمدؐ / ۱۱۹ / عطرائیل | حلیم / حسنؑ / ۱۲۰ / تنکفیل | رحیم / حسینؑ / ۱۲۶ / اموائیل |
| حلیم / حسنؑ / ۱۱۵ / تنکفیل | رحیم / فاطمہؑ / ۱۲۱ / یومائیل | عظیم / حسینؑ / ۱۲۷ / اموائیل | کریم / علیؑ / ۱۰۷ / حرذرائیل | قدیم / محمدؐ / ۱۱۳ / عطرائیل |
| کریم / علیؑ / ۱۲۸ / حرذرائیل | قدیم / محمدؐ / ۱۰۸ / عطرائیل | حلیم / حسنؑ / ۱۰۹ / تنکفیل | رحیم / حسینؑ / ۱۱۶ / اموائیل | عظیم / فاطمہؑ / ۱۲۲ / یومائیل |

## دُعا اختتام ورد باموٴکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا اِلٰهِیْ بِحَقِّ سِرِّ هٰذِهِ الْاَسْرَارِ وَبِحَقِّ الْخَفِیِّ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتُوْصِلَنِیْ بِلُطْفِكَ اِلٰی مُرَادِیْ وَاَنْ تَدْفَعَ عَنِّیْ شَرَّ خَلْقِكَ بِحَقِّ كُنْ فَیَكُوْنُ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیَ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ لِیُحِیْنُوْنِیْ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا قَمْطَائِیْلُ یَا عَمْطَائِیْلُ یَا طَمْطَائِیْلُ

يَا صَلْمَطَائِيْلُ يَا طَمْقَائِيْلُ يَا عَطْفَائِيْلُ يَا طَمْلَطَائِيْلُ يَا مَعْلَيَائِيْلُ
أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَّ أَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۔

اس دُعا باموکل میں اس قدر اسرار ہیں کہ جن کا احاطہ مشکل ہے، دفع شر آسیب جن بھوت وغیرہ کے لئے موثر ہے۔ بوقت ورد سامنے رکھے ہوئے پانی پر دم کر کے خود پئے اور اگر کوئی مریض آسیب زدہ وغیرہ ہو کو پلا دے۔ خود حفاظت اللہ میں رہے اور بیمار کو قدرت کاملہ شفا دے۔ اول و آخر درود ابراہیمی اور کامل طہارت شرط ہے۔

## اسمِ اعظم

حضرت امیرالمومنین و امام المتقین علی ابن ابی طالبؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص ان اشکال سبعہ کو سفر بحر و بر میں اپنے درمیان اپنے متاع و اسباب کے رکھے غرق و حرق و سرق سے امین و سالم رہے اور وہ اشکال معظم یہ ہیں۔



حروف مقطعات کی تفسیر ماسوائے معصوم کوئی نہیں کر سکتا۔ کٓھٰیٰعٓصٓ کی تفسیر بمطابق قول معصوم یہ ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب کوکب دُری۔

ک : کربلا
ھ : ہلاکت
ی : یزید
ع : عطش
ص : صبر

روایت بہترین اسناد کتب معتبرہ کے مطابق منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو پیدا کیا اوپر دو شاخ گاؤ کے اور گاؤ کو پشت ماہی کے اور ماہی کو اوپر پانی کے اور پانی



کو اوپر ہوا کے اور ہوا کو اوپر سنگ کے اور سنگ کے اوپر فرشتہ کو اوپر بازو پشتہ کے اور پشتہ کو بقوت ان ناموں کے قائم کیا۔ پس جو شخص ان ناموں کو لکھ کر اپنے دین یا دنیا سے جب اس عمل کو بجا لاوے گا اور با طہارت کامل کے جب اس خاتم کو زیر سر رکھ کر سووے گا۔ مخبر غیب اس مشکل کو حل کرے گا۔ یہ خاتم استخراج کنوز و خزائن و مخفیات میں اثر عظیم رکھتی ہے۔ عامل تجربہ میں یقین کامل کے ساتھ لائے۔ تاکہ حقیقت قول مکشوف ہو اور اگر اس کو متضرع نہ ہو تو وہ تقصیر عامل کی وجہ سے ہو۔ شرائط و آداب اس لوح کی یہ ہیں۔ وفق حرفی کو اوپر ظاہر لکھیں کہ فعل اور اثر خصوصیت کے ساتھ ہو کسی ساعت میں لکھیں۔ وفق عددی کو پشت پر لکھیں۔ فعل اس کا ساتھ طبیعت کے ہے۔

الواح یہ ہیں۔

کھیعص

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ع | ص |
| ع | ص | ک | ھ | ی |
| ھ | ی | ع | ص | ک |
| ص | ک | ھ | ی | ع |
| ی | ع | ص | ک | ھ |

صادق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | ۵ | ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ |
| ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ | ۵ | ۱۰ |
| ۵ | ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ |
| ۹۰ | ۲۰ | ۵ | ۱۰ | ۷۰ |
| ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ | ۵ |

## چہاردہ معصومین کے حجاب

ان پاک و مطہر ہستیوں کے انوار تخلیق موجودات سے کئی ہزار سال پہلے تسبیح خدا میں مشغول تھے۔ ان انوار نے بارہ حجاب طے فرمائے اور ہر حجاب میں ایک مخصوص تسبیح پڑھی جو ذیل ہیں۔

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى
۲۔ سُبْحَانَ عَالِمِ السِّرِّ
۳۔ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا يَسْهُوْ
۴۔ سُبْحَانَ الرَّفِيْعِ الْأَعْلٰى
۵۔ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَلْهُوْ

۶۔ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ غَنِيٌّ لَا يَفْتَقِرُ

۷۔ سُبْحَانَ الْعَلِيمِ الْكَرِيمِ

۸۔ سُبْحَانَ ذِي الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

۹۔ سُبْحَانَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ

۱۰۔ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ

۱۱۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

۱۲ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ

معصومینؑ کی تسبیح ہے اس سے زیادہ لکھنا ہی کیا ہے۔ اگر کوئی شخص شرائط متعینہ کے ساتھ ہر روز ایک کلمہ کو ایک ہزار بار پڑھا کرے تو بارہ روز کے بعد حسب استحقاق انشاء اللہ جو چاہے حاصل کرے۔

اگر علیحدہ مکان یا جگہ یا مسجد میں طہارت کے علاوہ بخور عطر وغیرہ بوقت ورد استعمال کرے۔ بڑی چیز نہیں کہ وہ مقام ورد پہ ہی ایسے مشاہدے کرے جن کے انکشافات سے مانع ہوں۔ یہ سب قاری کی عبادت ریاضت ایمان و یقین پہ منحصر ہے۔

خالی ہاتھ ان ہستیوں سے واپس آج تک نہیں سنا۔ البتہ دشمن رسولؐ خدا اور اہلبیت اطہار کچھ نفع نہ حاصل کرے۔



# مہر نبوت کی مختلف اشکال (بنقوش)

اگر کاتب اور کاری ان دونا موں کا حامل اس لوح معظم کا ہو تو عمل اس کا اتم اور اکمل اور نتیجہ بروجہ احسن السیر میسر ہو اور اس نقش مربع کے رکھنے میں بھی خواص عجیب و بسیار رکھے ہیں۔ مثل رفع قساوت و قلب و رفع احتیاج باسمائے حبس و خلاصی فقر و فاقہ سے وہ لوح معظم و محترم یہ ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ح | ی | ق | ی | و | م |
| و | ی | ح | م | ق | ی |
| ق | م | ی | و | ح | ی |
| م | و | ی | ق | ی | ح |
| ی | ح | و | ی | م | ق |
| ی | ق | م | ح | ی | و |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۰ | ۱۰۰ | ۱۰ | ۶ | ۳۰ |
| ۶ | ۱۰ | ۸ | ۴۰ | ۱۰۰ | ۱۰ |
| ۱۰۰ | ۴۰ | ۱۰ | ۶ | ۸ | ۱۰ |
| ۴۰ | ۶۶ | ۱۰ | ۱۰۰ | ۱۰ | ۸ |
| ۱۰ | ۸ | ۶۰ | ۱۰ | ۲۰ | ۱۰۰ |
| ۱۰ | ۱۰۰ | ۴۰ | ۸ | ۱ | ۶ |

اما حصہ سوئم میں صورتیں مہر نبوت کی اور نقوش نعلین مبارک جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واسطے زیارت و مشاہدہ مومنین و مومنات بنابر حصول برکت و

حسنات و ثواب آخرت۔ صاحب رسالہ نور العیون لکھتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی مہر نبوت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے بعد نماز صبح کے تو ثواب پچاس حج حضرت آدم علیہ السلام کا پائے گا اور اگر بعد نماز ظہر کے دیکھے تو دو سو حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ثواب پائے گا۔ اور اگر بعد نماز عصر کے دیکھے پانچ سو حج مثل حج حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ثواب پائے گا اور اگر بعد نماز مغرب دیکھے تو ساٹھ حج حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ثواب حاصل کرے گا اور اگر بعد نماز عشاء دیکھے تو اسی قدر ثواب پائے کہ اس نے ہزار حج مثل حج حضرت رسول مقبولؐ کے ادا کئے ہوں اور ہزار بندے آزاد کئے ہوں اور ہزار بھوکے بندوں کو سیر کیا ہو۔ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب

چونکہ کتب میں صورتیں مہر نبوت کی بنقوش مختلف نظر سے گذری ہیں لہٰذا سب نقوش مہر نبوت کے موافق تحریر اہل کتاب کے اس کتاب میں لکھی جاتی ہیں۔ چنانچہ نقش اوّل مہر نبوت کا اس شکل سے دیکھا گیا ہے۔

### حضرت علیؑ (غیر مسلم کی نظر میں)

کجا کرشن کا قصہ کجا امام زمنؑ!
مکاں ہے عرش بریں ان کا اُن کا بندرابن
کرشن جی کا رہا جمنا جی پہ گھر مسکن
تو ناز کرتی ہے میرے رشی پہ نہر لین
وہ ہمراہی کرے جس کو نہ ہو خود اپنی سدھ
منوجی ان کے برابر ہوئے نہ گوتم بدھ





بعض نسخوں میں نقش مہر نبوت کا باین شکل نظر سے گزرا ہے





دیگر یہ بھی ایک شکل مہر نبوت کی کتب اخبار میں منقول ہے



اور یہ شکل مہر نبوت کی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نظر سے گزری ہے۔




يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ



ایضاً صورت مہر نبوت



الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

بعض نسخوں میں شکل مہر نبوت کی اس طرح پر لکھی ہے وہ یہ ہے






ایضاً صورت مہر نبوت



ایضاً نقش مہر نبوت



اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّہَارِ وَتُوْلِجُ النَّہَارَ



یہ شکل مبارک مشہور ہے ساتھ نشانون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اُسکے دیکھنے مین فواید بسیار اور خواص بیشمار رکھے ہین اور وہ نقش مبارک یہ ہے +



عماطح سعهلع عماطح عمهطلع اجح صعهطع

نَادِ عَلِیًّا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِی النَّوَائِبِ
كُلُّ ہَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِی بِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

منقول ہے کہ جو کوئی اس شکل مبارک کو دیکھے کہ یہ مشابہ ہے نعلین شریف جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تو گویا اس نے ہزار بندے راہِ خدا میں آزاد کیے اور ہزار دینار تصدق کیے اور ہزار حج بجا لایا۔ یعنی جس قدر کہ ان تینوں عملوں کا ثواب ہے اسی قدر دیکھنے والے ان نقوش مقدس کے نامۂ اعمال میں ثبت ہوگا۔ وہ نقوش معظم یہ ہیں۔





دیگر نقش مہر نبوت صاحب رسالہ حرز الامان لکھتے ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بعد نماز فجر اس مہر مبارک کو دیکھے تو اس کو پچاس حج کا ثواب عطا ہوگا اور جو بعد نماز ظہر دیکھے گویا اس نے تین سو حج ادا کئے ہوں اور جو کہ بعد نماز عصر دیکھے تو چار سو حج کا ثواب پائے اور جو شخص بعد نماز مغرب کے دیکھے تو ایسا ہے کہ جیسے اس نے چھ سو حج ادا کئے اور جو بعد نماز عشاء اس مہر مقدس کو ملاحظہ کرے تو سو ہزار حج کا ثواب اس کو ملے گا اور جو شخص اس میں شک لاوے وہ کافر ہے اور جو کوئی اس مہر خاتم کو ساتھ اپنے رکھے جمیع بلیات و آفات سے بے خوف ہو اور حضرت مرتضٰی علیہ السلام ہمیشہ مہر خاتم رسولؐ خدا کو اپنے پاس رکھتے تھے۔ چنانچہ بہ برکت اس مہر مبارک کے لڑائیوں میں دشمن پر فتح پاتے تھے اور اس مہر مقدس کی خاصیت یہی ہے کہ رکھنے والا اس مہر نبوت کا ہر طرح کی بلاؤں سے امین ہوگا۔ برکت اس مہر خاتم کے وہ نقش مبارک یہ ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یارحیم | یا اللہُ یا اللہُ یا لا اِلٰہَ اِلّا اللہُ محمدٌ رسولُ اللہ | ع | ۵ | ع | عو |
| یارحیم | | ۲ | ۳ | موعلے | ۶ |
| | یارحیمُ یارحیمُ | ۲ | ۳ | ۳۹ | ۸ |
| یارحیم | یا اللہُ الوم یا رحمٰنُ یا رحیمُ | ۸ | ۷ | حو | حر |

دیگر کتاب مذکور میں مسطور ہے کہ بروئے اخبار مہر نبوت درمیان دو کتف رسول مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے اور ماہ و خورشید سے زیادہ تر روشن تھی اور اس مہر مبارک ہی کی روشنی کا باعث تھا کہ سایہ قامت باکرامت کا شب ماہ یا دھوپ میں زمین پر نہ

پڑھتا تھا۔ جو شخص ہر روز اس نقش مہر نبوت پر نظر کرے گویا اسنے جمال باکمال حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نظر کی ہوگی اور پاس رکھنے والا اس مہر نبوت کا اس دنیا سے باہر نہ جائے گا جب تک کہ جگہ اپنی بہشت میں نہ دیکھے گا اور دارندہ اس نقش کا آنحضرت صلعم کو خواب میں دیکھے گا اور جو شخص پیغمبر صلعم خدا کو خواب میں دیکھے وہ گناہوں سے پاک ہوگا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو وصیت فرمائی تھی کہ اس مہر کو آپس میں پہنچا دیں اور مسلمانوں سے باز نہ رکھیں اور فاسق کو بھی سکھائیں اور جو شخص اس مہر نبوت کو عزیز رکھے اور ساتھ اپنے نگاہ رکھے۔ یہ نقش مقدس اس کو نظر میں بادشاہوں اور سلاطین کے عزیز و محترم رکھے گا اور رکھنے والا اس مہر نبوت کا جملہ خوف و خطر اور جمیع بلیات سے ایمن ہوگا اور زبان خلائق اس پر بستہ ہوگی اور سحر و جادو اس پر کارگر نہ ہوگا اور اگر منہ اپنا طرف قبلہ کے کر کے اس نقش مقدس کو درمیان دو کتف اپنے کے باندھے اور کسی لڑائی میں آئے اگر سو ہزار آدمی اس کے دشمن ہوں گے بہ برکت اس مہر نبوت کے وہ سلامت رہے گا اور اگر بادشاہ کسی کے واسطے قتل کا حکم دے پس اس نقش کو لکھے اور اپنے بازو پر باندھے اور اس بادشاہ کے سامنے جائے تو غضب بادشاہ کا مبدل بلطف و شفقت کے ہوگا اور مر قتل اس کے سے گزرے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔



اور ایک نقش مہر نبوت کتاب ضیاء العیون مطبوعہ طہران سے استخراج ہوا ہے اس کی اسناد میں جناب امیر المومنین علیہ السلام سے وارد ہے کہ جو کوئی مہر نبوت کو دیکھے بعد نماز صبح تو گویا اس نے پچاس حج حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ



ادا کئے اور اگر بعد نماز ظہر کے نگاہ کرے تو گویا نو حج مانند حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بجا لایا اور جو کوئی بعد نماز عصر کے دیکھے تو گویا تین حج مانند حضرت یونس کے ادا کئے اور بعد نماز مغرب کے سات حج مثل حضرت موسیٰ ع کے بجا لایا ہو اور بعد عشاء کے ہزار حج مانند حضرت عیسیٰ کے بجا لایا ہو اور مرگ مفاجات اور تنگی قبر سے محفوظ رہیگا وہ نقش معظم یہ ہے

أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ○ إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ

أَشْهَدُ أَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ عَلِيٌّ وَلِيُّ اللَّهِ



بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا

دیگر ایک نقش معظم ہے اسکی اسناد میں بحوالہ کتاب السنون میں شیخ ابو عبداللہ البجانی نے نقل کیا ہے کہ جو کوئی ہر روز ستر مرتبہ طرف اس شکل کے نگاہ کرے اور وقت دیکھنے کے آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پڑھے خداوند عالم اسکو نظر خلائق میں معزز و مکرم کرتا ہے اور اگر کوئی اس شکل کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خدا تعالیٰ اسکو شر ظالموں اور دشمنوں اور بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے وہ یہ ہے۔

Scanned with CamScanner




علیؑ ہیں راکب دوشِ نبیؐ ، علیؑ سرور
علیؑ امیر ، علیؑ امیرِ حق ، علیؑ رہبر
علیؑ وصیؐ بلا فصل ساقیؑ کوثر
علیؑ امام دریٰ مرتضیٰ ، علیؑ حیدر
کوئی علیؑ سا مہابیر کب ہے بھارت میں
خدا ملا ہے اسی دیوتا کی سنگت میں
(ایک غیر مسلم کی نظر میں)



# مزارات مقدسہ کی زیارت

مومنین و مومنات بصد احترام اور تعظیم آئمہ اطہار علیہ السلام کے طریقوں اور سفارشوں کے مطابق زیارات کرتے ہیں کیونکہ ان حضرات نے ان مزارات کی زیارت کے لئے زائرین کو بہت وصیتیں کی ہیں اور خدا کے یہاں سے بہت بڑے صلے پانے کی خاطر زائرین کو ان زیارتوں کی ترغیب دیا کرتے تھے اور اس عمل کو واجب عبادتوں کے بعد بہترین عبادتیں اور خدا کے نزدیک ہونے کے وسیلے سمجھتے تھے: وہ ان مزارات کے پہلو کو خدا کی خالص توجہ دینے اور دعا کے قبول ہونے کے لئے بہترین مقام بتاتے تھے۔ وہ تو یہاں تک بتاتے تھے کہ ان قبروں کی زیارت اور تعظیم آئمہ اطہار علیہ السلام سے زائرین کے عہدوفاداری کی تکمیل کرتی ہے۔

امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ۔

لِكُلِّ اِمَامٍ عَهْدًا فِيْ عُنُقِ اَوْلِيَائِهٖ وَرُفَقَائِهٖ وَاَنَّ مِنْ تَمَامِ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ وَحُسْنِ الْاَدَآءِ زِيَارَةَ قُبُوْرِهِمْ فَمَنْ زَارَهُمْ رَغْبَةً فِيْ زِيَارَتِهِمْ وَتَصْدِيْقًا بِمَا رَغِبُوْا كَانَ اَئِمَّتُهُمْ شُفَعَائُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

ہر امام سے اس کے دوستوں اور رفیقوں کا ایک معاہدہ ہوتا ہے' انہیں کاموں میں سے جو معاہدے کو بخوبی تکمیل کرتے ہیں آئمہ اطہار علیہ السلام کے مزارات کی زیارت بھی

Scanned with CamScanner

ہے۔ جو شوق سے اماموں کے مزارات کی زیارت کرتا ہے اور اس زیارت میں آئمہ اطہار علیہ السلام کے مقاصد کی طرف دھیان رکھتا ہے' قیامت کے دن آئمہ اطہار علیہ السلام اس کی بخشش کی سفارش کریں گے۔

(محمد بن قولویہ۔ کامل الزیارات۔ صفحہ 122)

ان قبروں کی زیارت پر آئمہ اطہار علیہ السلام کی خاص توجہ اس وجہ سے ہے کہ اس کے ضمن میں بہت سے دینی اور دنیوی فائدے حاصل ہوتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

1 ۔ آئمہ اطہار علیہ السلام اور ان کے حواریوں کے درمیان زیادہ دوستی اور محبت کا تعلق پیدا ہو جاتا ہے۔

2 ۔ دلوں میں آئمہ اطہار علیہ السلام کی خوبیوں' اچھی عادتوں اور خدا کے لئے ان کے جہاد کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔

3 ۔ خاص طور پر زیارت کے دنوں میں دنیا کے مختلف گوشوں سے آئے ہوئے مسلمان جب روضہ امام کے اطراف میں جمع ہوتے ہیں تو وہ آپس میں ایک دوسرے سے واقف ہو جاتے ہیں اور باہم محبت کرنے لگتے ہیں اور اس طریقے سے خدا کی فرماں برداری اور اطاعت کا جذبہ اور خدا کے احکام کی بجاآوری میں خلوص زیارت کرنے والوں کے دلوں میں باہم گندھ جاتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ زیارتوں کی ان بلیغ عبارتوں کے پردے میں جو اہل بیت علیہم السلام کی طرف سے ہم تک پہنچی ہیں توحید کی حقیقت' اسلام کی طہارت اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا اقرار دہرایا جاتا ہے۔ اور جو کچھ ہر مسلمان پر فرض ہے مثلاً اعلیٰ اخلاق' خدا کے حضور عاجزی اور اس کی نعمتوں اور بخششوں کی شکرگزاری زائروں میں ابھر آتی ہے۔ اس لحاظ سے ان زیارتوں پر جانا بھی وہی اثر رکھتا ہے جو آئمہ اطہار علیہ السلام سے منقول دعائیں رکھتی ہیں بلکہ ان میں سے کچھ تو نہایت بلیغ اور بلند رتبہ دعاؤں میں شامل ہیں۔ مثلاً زیارت امین اللہ جو امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے دادا امام علی علیہ السلام کی قبر کے پہلو میں زیارت کے وقت پڑھی ہے۔



ایک لحاظ سے یہ زیارتیں جو آئمہ اطہار علیہ السلام سے ہم تک پہنچی ہیں' اماموں کے مراتب' خدا کی محبت' دین کی سربلندی کے لئے ان کی قربانیوں اور خدا کی بارگاہ میں ان کی پرخلوص اطاعتوں کو مجسم کر دیتی ہیں۔

یہ زیارتیں عربی کے چمکیلے اسالیب اور بڑی فصاحت کے ساتھ ایسی عبارتوں میں ملتی ہیں جن کا مطلب سمجھ لینا عام اور خاص سب لوگوں کے لئے آسان ہے اور توحید کے مطالب اور اس کی باریکیوں کی تشریح' خدا سے دعا اور اس سے لو لگانے کے بیان پر مشتمل ہیں۔

واقعی قرآن' نہج البلاغہ' صحیفہ سجادیہ اور ان دعاؤں کے بعد جو اماموں سے ہم تک چلی آ رہی ہیں۔ یہ زیارتیں دین کا اعلیٰ ترین ادب ہے کیونکہ ان میں آئمہ اطہار علیہ السلام کی تعلیمات کا نچوڑ ملتا ہے اور دینی اور اخلاقی معاملات سے متعلق ان کے اصول جھلکتے ہیں۔

(عقائد امامیہ سے ماخوذ)

مؤلفہ استاد شیخ محمد رضا مظفر

---

Scanned with CamScanner